نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

12 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

422/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے امریکی میرین کور کے ہیلی کاپٹرز کی پاکستان آمد

اسلام آباد (12 اگست 2010 ء)___ امریکی میرین کور کے دو سی ایچ۔53ای سپر اسٹالین ہیلی کاپٹرز سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے آج پاکستان پہنچے۔

یہ ان 19 ہیلی کاپٹرز میں سے پہلے دو طیارے ہیں جنہیں گزشتہ روز امریکی وزیر دفاع رابرٹ گیٹس نے فوری طور پر پاکستان بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ یہ طیارے بحیرۂ عرب کے بین الاقوامی پانیوں میں صف آرا یو ایس ایس پیلیلیو سے پرواز کر کے پاکستان پہنچے۔ باقی طیارے آئندہ چند روز میں آئیں گے جن میں امریکی بحریہ کے تین ایم ایچ53۔ای سی ڈریگن ہیلی کاپٹرز، چار سی ایچ۔53ای سپر اسٹالین ہیلی کاپٹرز اور بارہ سی ایچ۔46ای سی نائٹ ہیلی کاپٹرز شامل ہیں۔ یہ امریکی ہیلی کاپٹرز پاک فوج کے اشتراک سے ملک کے تمام سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں سرانجام دیں گے۔

یہ 19 طیارے پاکستان میں پہلے سے موجود امریکی فوج کے چھ ہیلی کاپٹرز کی جگہ لیں گے جو جلد افغانستان میں اپنی ڈیوٹی پر واپس چلے جائیں گے۔ ان چھ ہیلی کاپٹروں نے خراب موسم کے باوجود 5 اگست سے لے کر اب تک 3,089 افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا اور 322,340 پاؤنڈ وزنی ہنگامی امداد پر مبنی اشیاء متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں۔

امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ جنرل جیمز این میٹس نے کہا ہے کہ ہم اس بحران کے دوران بھی اسی طرح پاکستان کے عوام کا ساتھ دیں گے جس طرح ہم نے 2005ء میں آنے والے المناک زلزلے کے موقع پر دیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا دوست اور حلیف ہے اور ضرورت کی اس گھڑی میں ہم سیلاب سے متاثر ہونے والے لاکھوں پاکستانیوں کی مدد کرنے کیلئے پاکستان کی حکومت اور فوج کی کوششوں میں ان کا ساتھ دیں گے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800